**مقرر:** یہ ویڈیو پناہ کے دعووں سے متعلق سماعت کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتی ہے۔ مزید تفصیلات اور تازہ ترین معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں: irb.gc.ca

**موسیقی:** پوری ویڈیو کے دوران پس منظر میں موسیقی چلتی ہے۔

**مقرر:** اب جب کہ آپ نے پناہ کے دعوے کے لیے درخواست دے دی ہے، تو آپ کے ذہن میں ریفیوجی پروٹیکشن ڈویژن (RPD) کے طریقۂ کار اور مراحل کے بارے میں کچھ سوالات ہو سکتے ہیں۔ یہ ویڈیو آپ کو ان سوالات کے جوابات فراہم کرے گی تاکہ آپ فارم اور دستاویزات جمع کراتے وقت یا سماعت کے وقت طے کرتے وقت اپنے اختیارات کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔

جب آپ کا دعویٰ RPD کو بھیجا گیا، تو آپ کو ایک *Confirmation of Referral* خطکے ساتھ ایک *Basis of Claim فارم* بھی دیا گیا ہو گا۔ آپ اس Basis of Claim فارم میں اپنے پناہ کے دعوے سے متعلق معلومات فراہم کریں گے، جن میں یہ تفصیلات شامل ہوں گی کہ آپ کون ہیں اور کینیڈا میں تحفظ کیوں چاہتے ہیں۔

**مقرر:** یہ چند سوالات ہیں جو آپ کے ذہن میں آ سکتے ہیں۔

اگر آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کو اپنا Basis of Claim فارم RPD کو بھیجنا ہے، تو یہ بہت ضروری ہے کہ آپ یہ فارم اس تاریخ سے 45 کیلنڈر دنوں کے اندر بھیجیں جس دن آپ کا دعویٰ RPD کو ریفر کیا گیا تھا۔

اگر آپ آخری تاریخ تلاش نہیں کر پا رہے یا غیر یقینی ہیں، تو براہ کرم RPD سے رابطہ کریں۔ ہماری رابطہ معلومات امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ آف کینیڈا یا IRB کی ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

**مقرر:** اگر آپ کو فکر ہے کہ آپ **مقررہ وقت تک** Basis of Claim فارم جمع نہیں کرا پائیں گے، تو آپ اضافی وقت کی درخواست دے سکتے ہیں۔ ویب سائٹ پر موجود فارم استعمال کریں اور اس میں وضاحت کریں کہ آپ کو مزید وقت کیوں درکار ہے اور فارم مکمل کرنے کے لیے کتنا اضافی وقت چاہیے۔ RPD صرف خاص حالات میں ہی اضافی وقت کی اجازت دیتا ہے۔

اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے یا آپ کے پاس کمپیوٹر کی سہولت نہیں ہے تاکہ فارم ڈھونڈ سکیں، تو آپ ایک خط لکھ کر وضاحت کر سکتے ہیں کہ آپ کو مزید وقت کیوں درکار ہے۔ RPD کا ایک ممبر آپ کی وضاحت کا جائزہ لے گا اور آپ کی درخواست پر فیصلہ کرے گا۔
اور پھر آپ کو اس فیصلے سے آگاہ کیا جائے گا۔

**مقرر:** اگر آپ **مقررہ وقت تک** اپنا Basis of Claim فارم جمع نہیں کرا سکے اور RPD نے آپ کو مزید وقت نہیں دیا، تو آپ کو ایک خصوصی سماعت برائے ترکِ دعویٰ میں پیش ہونا ہوگا۔

اس سماعت میں آپ کو وضاحت کرنی ہوگی کہ آپ نے فارم مقررہ وقت پر کیوں جمع نہیں کرایا۔

RPD پھر فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کا دعویٰ جاری رکھا جائے یا ترک شدہ قرار دیا جائے۔

اگر آپ کا دعویٰ ترک قرار دے دیا گیا، تو RPD آپ کی فائل بند کر دے گا اور آپ کو دوبارہ کینیڈا میں پناہ کے تحفظ کے لیے دعویٰ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**مقرر:** اگر آپ نے اپنے Basis of Claim فارم میں کوئی غلطی کی ہے یا کوئی اہم بات شامل کرنا بھول گئے ہیں، تو آپ فارم میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔ آپ پہلے سے جمع کرائے گئے Basis of Claim فارم کی ایک نقل استعمال کریں اور اسی پر مطلوبہ تبدیلیاں کریں۔

یقینی بنائیں کہ نئی یا تبدیل شدہ معلومات کو لکیر سے نمایاں (Underline) کریں۔ اور وہ معلومات جو آپ ہٹانا چاہتے ہیں انہیں کاٹ دیں۔ اگر آپ فارم الیکٹرانک طور پر مثلاً (My Case Portal) کے ذریعے بھیج رہے ہیں تو آپ کو دستخط کرنے کی ضرورت نہیں۔ لیکن اگر آپ فارم بذریعہ ڈاک، کورئیر، یا خود جا کر جمع کرا رہے ہیں، تو آپ کا دستخط ضروری ہے۔ اپ ڈیٹ شدہ فارم جتنی جلدی ممکن ہو RPD کو بھیج دیں۔ یاد رکھیں، تمام دستاویزات پر تاریخ ضرور درج ہونی چاہیے، چاہے وہ الیکٹرانک طور پر ہی کیوں نہ بھیجی جا رہی ہوں۔

ویب سائٹ پر جا کر دیکھیں کہ آیا My Case Portal آپ کے لیے دستیاب ہے۔

سماعت کے دوران، ممبر آپ سے یہ تصدیق کرے گا کہ آپ کے اپ ڈیٹ شدہ Basis of Claim فارم کا مواد مکمل، سچا، اور درست ہے۔

سماعت کے ایک حصے کے طور پر، ممبر آپ سے اس فارم میں دی گئی معلومات کے بارے میں سوالات کرے گا۔

**مقرر:** آپ کے لیے وکیل رکھنا لازمی نہیں، لیکن آپ کسی کی مدد لینا چاہ سکتے ہیں جو آپ کو پناہ کے دعوے کے عمل میں رہنمائی فراہم کرے۔ اگر آپ کسی وکیل یا امیگریشن کنسلٹنٹ کو بطور وکیل رکھنا اور اس کی فیس ادا کرنا چاہتے ہیں، تو اس کا لائسنس یافتہ ہونا ضروری ہے۔

کچھ جگہوں میں، نوٹری پبلک یا پیرا لیگل بھی آپ کی نمائندگی کر سکتے ہیں۔

وکیل کی فیس ادا کرنا آپ کی ذمہ داری ہے، جب تک کہ آپ اپنے صوبے میں کسی لیگل ایڈ ایجنسی سے مدد کے اہل نہ ہوں۔

اگر آپ ~~وکیل~~ کی فیس برداشت نہیں کر سکتے، تو اپنے صوبے کے لیگل ایڈ آفس سے رابطہ کریں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ آپ کے لیے کون سی سہولت دستیاب ہو سکتی ہے۔ لیگل ایڈ دفاتر کی معلومات ہماری ویب سائٹ پر موجود ہیں۔

اگر لیگل ایڈ دستیاب نہ ہو، تو اپنی مقامی برادری میں دیگر مدد کے ذرائع تلاش کریں۔ انٹرنیٹ پر "Refugee Claimant Support" کے ساتھ اپنے شہر یا قصبے کا نام لکھ کر تلاش کریں۔ اس سے آپ کو ایسی تنظیموں کی فہرست ملے گی جو آپ کو مشورہ یا مدد فراہم کر سکتی ہیں۔

---

**مقرر:** آپ کی تمام دستاویزات لازمی طور پر انگریزی یا فرانسیسی زبان میں ہونی چاہییں۔

اگر آپ کی معاون دستاویزات کسی اور زبان میں لکھی ہوئی ہیں، تو آپ کو ان کا ترجمہ انگریزی یا فرانسیسی میں ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔

یہ ترجمہ کسی انسانی مترجم کے ذریعے کیا جانا چاہیے، اور اس میں مترجم کا تصدیقی بیان شامل ہونا چاہیے، جس میں وہ تصدیق کرے کہ اس نے یہ ترجمہ آپ کے لیے تیار کیا ہے۔

آپ سافٹ ویئر یا آن لائن ٹولز جیسےGoogle Translate کا استعمال نہیں کر سکتے۔

---

**مقرر:** یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی اضافی دستاویزات RPD کو جتنی جلدی ممکن ہو جمع کرائیں، اور ہر حال میں سماعت کی طے شدہ تاریخ سے *کم از کم* 10 دن پہلے تک جمع کرائیں۔

شواہد جمع کرانے کے لیے آخری وقت تک انتظار نہ کریں۔ اگر آپ کو سماعت سے 10 دن سے کم وقت رہ جانے پر شواہد جمع کرانے کی ضرورت پیش آتی ہے، تو آپ کو اس کے لیے اجازت لینی ہوگی۔ اجازت صرف خاص حالات میں دی جاتی ہے۔ آپ کو *لیٹ ڈسکلوژر جمع کرانے کی درخواست فارم* پُر کرنا ہوگا، جو آپ کو IRB کی ویب سائٹ پر مل جائے گا۔

اس فارم میں آپ کو واضح طور پر یہ بیان کرنا ہوگا کہ آپ اضافی دستاویزات 10 دن سے کم وقت میں کیوں جمع کرا رہے ہیں۔
بغیر اس درخواست کے جمع کرائی گئی دستاویزات کو قبول نہیں کیا جائے گا۔

اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے یا کمپیوٹر تک رسائی نہیں ہے تاکہ فارم حاصل کر سکیں، تو آپ ایک خط لکھ کر وضاحت کر سکتے ہیں کہ آپ کو 10 دن سے کم وقت میں دستاویزات جمع کرانے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ RPD کا ایک ممبر آپ کی وضاحت کا جائزہ لے گا اور آپ کی درخواست پر فیصلہ کرے گا۔

RPD آپ کو اپنی درخواست پر فیصلے سے آگاہ کرے گا۔

| |
|---|
| **مقرر:** جو بچے پناہ کے دعوے دار ہیں، انہیں سماعت میں شرکت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی، جب تک کہ وہ سماعت کے دن 18 سال سے زائد عمر کے نہ ہو جائیں، یا RPD ان کی موجودگی کی درخواست نہ کرے۔<br><br>18 سال سے کم عمر کے بچے، اگر چاہیں، تو سماعت میں شرکت کر سکتے ہیں۔ بعض اوقات بڑے بچے خود گواہی دینے یا موجود رہنے کی خواہش ظاہر کرتے ہیں۔ ایسی صورت میں اس بارے میں اپنے وکیل یا نامزد نمائندے سے بات کرنا بہتر ہے۔<br><br>نامزد نمائندہ وہ شخص ہوتا ہے جو ایسے فرد کی نمائندگی کرتا ہے جو 18 سال سے کم عمر ہو یا کارروائی کی نوعیت کو سمجھنے کے قابل نہ ہو۔ ایسا نمائندہ RPD کی جانب سے مقرر کیا جاتا ہے۔ |
| **مقرر:** اگر آپ اپنی سماعت میں شریک نہیں ہو سکتے یا آپ کی سماعت کے لیے تیاری مکمل نہیں ہے، تو آپ سماعت کی تاریخ یا وقت تبدیل کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔اس مقصد کے لیے IRB کی ویب سائٹ پر موجود فارم استعمال کریں۔ RPD صرف خاص حالات میں تاریخ یا وقت کی تبدیلی کی درخواست قبول کرے گا۔<br><br>فارم میں وضاحت کریں کہ آپ سماعت کی تاریخ یا وقت کیوں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔<br><br>یہ درخواست جتنی جلدی ممکن ہو جمع کرائیں، اور ہر صورت میں سماعت سے کم از کم 3 کام کے دنوں سے پہلے جمع کرائیں، سوائے ان صورتوں کے جب درخواست طبی وجوہات یا کسی ہنگامی صورتحال کی بنیاد پر ہو۔<br><br>اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے یا کمپیوٹر تک رسائی نہیں ہے، تو آپ RPD کو ایک خط لکھ کر وضاحت کر سکتے ہیں کہ آپ کو سماعت کی تاریخ یا وقت کیوں بدلنے کی ضرورت ہے۔ RPD کا ایک ممبر آپ کی وضاحت کا جائزہ لے گا اور آپ کی درخواست پر فیصلہ کرے گا۔<br><br>RPD آپ کو اپنی درخواست پر فیصلے سے آگاہ کرے گا۔<br><br>اگر RPD نے آپ کی درخواست مسترد کر دی، تو آپ پر لازم ہے کہ آپ مقررہ تاریخ اور وقت پر سماعت کے لیے تیار ہوں۔<br><br>اگر آپ کو کوئی جواب موصول نہیں ہوتا، تو آپ کو سماعت میں ضرور شریک ہونا ہوگا اور تیار رہنا ہوگا۔ اس صورت میں ممبر آپ کی درخواست پر سماعت کے دوران فیصلہ کرے گا۔ |
| **مقرر:** ہم ہمیشہ کوشش کرتے ہیں کہ پناہ کے دعوے کا عمل درخواست دہندگان کے لیے زیادہ مؤثر اور آسان بنایا جائے۔ |

| |
|---|
| تازہ ترین معلومات حاصل کرنے یا سوال پوچھنے کے لیے، آپ کسی بھی وقت ہمارے علاقائی دفاتر کو کال کر سکتے ہیں یا لکھ سکتے ہیں۔<br><br>یاد رکھیں، ہم آپ کے مخصوص پناہ کے دعوے پر قانونی مشورہ نہیں دے سکتے، لیکن ہم آپ کو مختلف مراحل اور طریقہ کار کی وضاحت کر سکتے ہیں اور IRB کی ویب سائٹ پر موجود متعلقہ وسائل تک رہنمائی فراہم کر سکتے ہیں۔ |
| **مقرر:** پناہ کے دعوے کے عمل سے متعلق تازہ ترین معلومات کے لیے IRB کی ویب سائٹ پر جائیں یا عمومی معلومات کے لیے ہمارے مفت ہیلپ لائن نمبر 1-833-931-5121 پر کال کریں۔ |
| **مقرر:** آپ اسکرین پر موجود QR کوڈ کو اسکین کر کے *ہم سے رابطہ کریں* صفحے پر جا سکتے ہیں، جہاں آپ کو دستاویزات جمع کرانے اور سوالات کی صورت میں ہم سے رابطہ کرنے کی تفصیلات ملیں گی۔ |